www.KitaboSunnat.com

۱۲ ۔ وُلِدَ فِیْ جَوْفِ الْکَعْبَۃِ قَبْلَ قُدُوْمِ الْفِیْلِ بِثَلَاثَ عَشَرَۃَ سَنَۃً (خلاصہ تہذیب الکمال ص ۹۰)

کہ حکیم کی ولادت عامُ الفیل سے تیرہ برس قبل کعبہ کے اندر ہوئی۔

شعر و ادب

"موت خود چارہ گر بھی ہوتی ہے"

(عبدالرحمٰن عاجز مالیر کوٹلوی)

نور قلب و جگر بھی ہوتی ہے   اور نظر فتنہ گر بھی ہوتی ہے

بات کو صرف رائگاں نہ سمجھ   بات جادو اثر بھی ہوتی ہے

زندگی کا کہیں سراغ نہ ہو   زندگی یوں بسر بھی ہوتی ہے

راہ الفت میں گردِرہ سے نہ ڈر   گرد رہ راہبر بھی ہوتی ہے

شام غم کو تو دائمی نہ سمجھ   شام غم کی سحر بھی ہوتی ہے

عقل کے رو برو ہوا جو ہوا   عقل یوں بے خبر بھی ہوتی ہے

ماند پڑ جائے بجلیوں کی چمک   آہ ۔ یوں جلوہ گر بھی ہوتی ہے

جس کی جانب نظر نہیں اٹھتی   ایک ایسی نظر بھی ہوتی ہے

جو دوا ہو برائے دردِ سر   وہ دوا درد سر بھی ہوتی ہے

موت جس کا نہیں کوئی چارہ   موت خود چارہ گر بھی ہوتی ہے

ہر کسی راہ پر نہ چل اے دوست   رہ کوئی پر خطر بھی ہوتی ہے

زندگی کو طویل کر نہ خیال   زندگی مختصر بھی ہوتی ہے

قبر باغِ بہشت بھی عاجز
قبر نارِ سفر بھی ہوتی ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ